# دیوالی اور چھٹھ پر گھر جانے کیلئے مسافر پریشان

## دہلی اور ممبئی میں زبردست بھیڑ، سورت میں ٹرین پکڑنے کے لیے 2 کلو میٹر لمبی لائن

نئی دہلی: دیوالی ہندوستان کا قومی تہوار ہے جسے لوگ اپنے خاندان کے ساتھ ہی منانا چاہتے ہیں خواہ وہ کہیں بھی ہوں وہیں چھٹھ کے عقیدتمند بھی اس موقع پر اپنے گھر کا رُخ کرتے ہیں اور ایسے موقع پر جب وہ گھر نہ جاسکیں تو ان کے دل پر کیا گزرتی ہوگی۔ کچھ یہی حال آج کل ملک کے سبھی ریلوے اسٹیشنوں، بس اڈوں اور دیگر سفری ذرائع کے مقامات پر دیکھا جا رہا ہے جہاں مسافروں کی لمبی لمبی لائنیں لگی ہوئی ہیں۔ خاص طور پر دیوالی اور چھٹھ کے موقع پر اتر پردیش، بہار اور جھارکھنڈ جانے والے مسافروں کی زبردست بھیڑ دیکھی جا رہی ہے۔ ملک کی راجدھانی میں نئی دہلی ریلوے اسٹیشن سے لے کر ملک بھر کے دیگر شہروں تک ریلوے اسٹیشنوں پر بھاری بھیڑ دیکھی جا رہی ہے۔ ہفتہ کی شام گجرات کے سورت میں ادھنا ریلوے اسٹیشن پر بھی ایسی ہی صورتحال دیکھی گئی۔ یہاں ٹرین پکڑ کر اپنے شہر جانے کے لیے مسافروں کی لمبی لائن دیکھی گئی۔ یہ مسافر اتوار کو روانہ ہونے والی مختلف ہفتہ وار اور خصوصی ٹرینوں میں سفر کرنے کے لیے لائن لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ ادھنا ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم نمبر 6 سے تقریباً دو کلو میٹر دور مسافروں کی لمبی لائن لگی تھی۔ اسٹیشن احاطے میں احاطے کے باہر لمبایت علاقے میں مسافروں کی لمبی قطاریں لگ گئی تھیں جس کی تصاویر لرزا دینے والی ہیں۔ سورت کے ادھنا ریلوے اسٹیشن کے احاطے اور اسٹیشن کے باہر رات کے اندھیرے میں اور کھلے میدان میں مسافروں کی لائن سنیچر کی رات سے ہی لگ گئی تھی۔ اتوار کی صبح اور دوپہر کو ٹرین میں بیٹھنے کے لئے مزدور مسافر 12 گھنٹے پہلے ہی لمبی لائن لگا کر دھول مٹی میں بیٹھے ہوئے تھے۔ جن میں بچے، بوڑھے اور خواتین بھی شامل ہیں۔ ان خبروں کے درمیان ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو ہفتہ کو نئی دہلی ریلوے اسٹیشن پر بھیڑ کو کنٹرول کرنے کی تیاریوں کا جائزہ لینے پہنچے۔ اس دوران ریلوے کے وزیر نے کہا کہ آج بہت رش والا دن مسافروں کی سہولت کے لیے اسٹیشن پر مسافر سہولت سینٹر اور



اضافی ٹکٹنگ کاؤنٹر قائم کیے گئے ہیں۔ ریلوے کے وزیر نے بتایا کہ ہفتہ کو تقریباً 175,000 مسافر اسٹیشن پر پہنچے، جن میں 75,000 جنرل کٹیگری کے مسافر تھے۔ تیوہاروں کے اس مصروف سیزن میں بھیڑ کو سنبھالنے کے لیے 12 ہزار اسپیشل ٹرینیں چلائی گئی ہیں تاکہ مسافروں کو اضافی سہولت فراہم کی جاسکے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سوشل میڈیا پر گمراہ کن خبریں پھیلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جا رہی ہے اور متعدد افراد کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی ہیں۔ بھیڑ پر قابو پانے کے لیے اسٹیشن پر ہولڈنگ ایریاز بنائے گئے ہیں، جہاں نظم و ضبط برقرار رکھنے اور افراتفری کو روکنے کے لیے مسافروں کو منظم طریقے سے داخل کیا جا رہا ہے۔ اسی طرح ہفتہ کو ممبئی کے لوک مانیہ تلک ٹرمینس پر بھی مسافروں کی بڑی بھیڑ دیکھی گئی۔ حالانکہ ریلوے نے مسافروں کی حفاظت اور سہولت کو یقینی بنانے کے لیے وسیع انتظامات کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ خاص طور پر جنرل کوچ کے مسافروں کے لیا لگ الگ رکاوٹیں (بیریکیڈ ڈایریاز) بنائے گئے ہیں، جہاں مسافروں کو منظم انداز میں کھڑا کیا گیا ہے تاکہ کسی طرح کی دھکا مکی یا بھگدڑ کی حالت نہ ہو۔ مختلف ٹرینوں کے لیے الگ الگ بیریکیڈ بنائے گئے ہیں۔

## گورنر عارف محمد خان نے شہید ثالثؒ کے مزار کیلئے بھیجی چادر

## پیغام عقیدت کے ساتھ بی جے پی لیڈر میر فراست علی آگرہ روانہ



پٹنہ، (پریس ریلیز): بہار کے گورنر عارف محمد خان نے عظیم مجتہد وشہید ملت حضرت قاضی سید نور اللہ شوشتری (شہید ثالثؒ) کے مزار اقدس آگرہ (اتر پردیش) کے لئے چادر اور پھول پیش کر کے اپنی عقیدت واحترام کا اظہار کیا ہے۔ گورنر بہار کی جانب سے یہ چادر پیش کرنے کی سعادت تلنگانہ بی جے پی کے سابق ترجمان میر فراست علی باقری نے حاصل کی۔

اس موقع پر انہوں نے شہیدِ ثالثؒ کے علمی و روحانی مقام کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ گورنر عارف محمد خان نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ حضرت شہیدِ ثالثؒ کی تعلیمات آج بھی انسانی برادری کے لیے امن، رواداری اور بھائی چارے کا پیغام دیتی ہیں جو نسل در نسل انسانیت کے لیے مشعلِ راہ بنی ہوئی ہیں۔

تقریب میں کئی ممتاز شخصیات شریک ہوئیں جن میں سید طاہر رضا ایڈوکیٹ (ہائی کورٹ لکھنؤ) اور سنجر امام (بہار اسٹیٹ جنرل سکریٹری، آل انڈیا شیعہ سماج) شامل تھے۔ اس موقع پر میر فراست علی باقری نے گورنر بہار عارف محمد خان اور تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ عقیدت مندانہ پیشکش راج بھون پٹنہ کی سرپرستی و دعاؤں کے ساتھ انجام دی گئی جو محبت واخوت کا مظہر ہے۔

## برلا نے کوٹہ دسہرا میلے میں تاجروں کی حوصلہ افزائی کی

کوٹہ: (یو این آئی) لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا ہفتہ کی رات کوٹہ کے تاریخی دسہرا میلے میں پہنچے، اور عام شہریوں کی طرح بازار میں گھوم کر خریداری کی اور تاجروں کی حوصلہ افزائی کی۔ مسٹر برلا نے مختلف اسٹال اور دکانوں پر جا کر چھوٹے تاجروں اور کاریگروں سے ملاقات کی، ان کے تجربات سنے اور میلے کے انتظامات بہتر کرنے کے لیے مشورے بھی لیے۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ دسہرا میلہ صرف تفریح اور تہوار کی جگہ نہیں، بلکہ خود کفیل ہندوستان کے عزم کو عملی جامہ پہنانے کا ایک پلیٹ فارم ہے۔ یہاں ملک بھر سے آئے چھوٹے تاجر، دستکار اور کاریگر اپنے ہاتھوں سے بنائی گئی اشیاء فروخت کرتے ہیں، جو مقامی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس میلے کے احاطے کو مزید منظم اور کاروبار دوست بنانا ضروری ہے، تاکہ کاریگروں اور کاروباریوں کو اپنی فنکاری اور مصنوعات کو ملک و بیرونِ ملک تک پہنچانے کا موقع مل سکے۔




انہوں نے میلے میں موجود دکانداروں سے تفصیلی بات چیت کی اور ان کے کاروبار سے وابستہ مشکلات کو سمجھا۔ انہوں نے چھوٹے تاجروں کو یقین دلایا کہ ان کی تجاویز کو مدنظر رکھتے ہوئے میلے کے ڈھانچے اور سہولیات میں بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے پروگراموں کو صرف ثقافتی تقریبات تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ انہیں مقامی صنعت، دستکاری اور کاروباری حوصلہ افزائی کا ذریعہ بنایا جانا چاہیے۔

## کیرالہ میں طوفانی بارشوں سے تباہی، 5 اضلاع میں اورنج الرٹ، ایک شخص ہلاک

ترواننت پورم: کیرالہ میں شمال مشرقی مانسون کے آغاز کے ساتھ ہی موسلا دھار بارشوں نے تباہی مچا دی ہے۔ کئی علاقوں میں سیلاب، لینڈ سلائڈ اور املاک کو بڑے پیمانے پر نقصان کی اطلاعات ملی ہیں۔ محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) نے انتباہ جاری کیا ہے کہ بحیرہ



عرب کے اوپر بنے کم دباؤ کے علاقے کی وجہ سے بدھ تک بارش تیز رہنے کا امکان ہے۔ آئی ایم ڈی نے اتوار کو شمالی کیرالہ کے پانچ اضلاع ایڈوکی، ملپّورم، کوژیکوڈ، کنور اور کاسرگوڑ کے لیے اورنج الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ ترواننت پورم، کولم اور الاپّی کو چھوڑ کر باقی بیشتر اضلاع کو یلو الرٹ پر رکھا گیا ہے۔

ضلعی انتظامیہ نے حساس علاقوں میں آفتی امدادی ٹیموں کو چوکسی پر رہنے کی ہدایت دی ہے۔ ایڈوکی کے کُملی علاقے میں ایک افسوسناک حادثہ پیش آیا، جہاں شدید بارش کے دوران ایک شخص کی موت ہوگئی۔ مقامی لوگوں کے مطابق، ان کی گاڑی لینڈ سلائڈ کے بعد سڑک پر جمع کیچڑ کے ڈھیر سے ٹکرا گئی۔ ایڈوکی کے دیگر حصوں میں بھی لینڈ سلائڈ کی متعدد وارداتیں رپورٹ ہوئیں، جن کی وجہ سے ویلاّرمکّو کے پتموری علاقے میں سڑکیں بند ہوگئیں۔

ایک مقامی شہری نے بتایا کہ ”آدھی رات کو مٹی کا بڑا تودہ سڑک پر گر گیا، اگر بارش ایسے ہی جاری رہی تو مزید حادثات ہو سکتے ہیں۔“ کُملی میں ہفتہ کی رات سے جاری طوفانی بارش کے سبب نچلے علاقوں اور کئی دکانوں میں پانی بھر گیا۔ صورتحال کو قابو میں رکھنے کے لیے مُلاّپیریار ڈیم کے 13 اسپل وے شٹر کھول دیے گئے، جس سے ندیوں میں پانی کی سطح خطرناک حد تک بڑھ گئی ہے۔ ملپّورم ضلع میں وڑکداوو علاقے میں شدید بارش سے تقریباً 50 گھروں میں پانی داخل ہوگیا اور سڑکیں مکمل طور پر ڈوب گئیں۔ گڈلور-کوژیکوڈ شاہراہ پر مُنیمولا کے قریب ایک گھنٹے سے زیادہ وقت تک ٹریفک بند رہا۔ اسی طرح رندمپدم، موڈاپوئیکا اور قریبی علاقوں میں بھی سیلاب کی اطلاعات ملی ہیں۔ مقامی باشندوں نے بتایا کہ کرکوڈن، کلکّن اور آٹھیتھوڈ ندیوں کے طغیانی پر آنے سے آس پاس کے گاؤں زیرِ آب آگئے۔ کوچی میں بھی رات بھر کی بارش کے بعد جنوبی ریلوے اسٹیشن کے آس پاس کی سڑکوں پر پانی بھر گیا۔ تاہم صبح کے وقت بارش میں کمی کے ساتھ ہی پانی اترنے لگا اور ٹریفک معمول پر آنے لگا۔ ریاستی حکومت نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ پہاڑی یا خطرناک علاقوں کا رخ نہ کریں، اور حکومتی ہدایتوں پر عمل کریں۔ ماہرین کے مطابق اگلے چند دنوں تک کیرالہ میں بارش کا زور برقرار رہنے کا امکان ہے، اس لیے احتیاطی تدابیر پر سختی سے عمل ضروری ہے۔

## سابق وزیر کی 'ووٹ چور، گدی چھوڑ' مہم، کارکنوں کو بوتھ سطح پر چوکس رہنے کی ہدایت

بیتول: (یو این آئی) مدھیہ پردیش کے ضلع بیتول کے ملتائی شہر میں اتوار کے روز سابق کابینہ وزیر سکھدیو پانسے نے 'ووٹ چور، گدی چھوڑ' مہم کا آغاز کیا۔ کانگریس دفتر میں منعقد اجلاس میں پانسے نے کارکنوں کو انتخابی چوکس رہنے اور ہر پولنگ بوتھ پر نظر رکھنے کی ہدایات دیں۔ مسٹر سکھدیو پانسے نے کہا کہ کانگریس کارکن اس بات کو یقینی بنائیں کہ ووٹر لسٹ میں کسی قسم کی ہیر پھیر نہ ہو۔ انہوں نے کہا، 'بی۔ ایل۔ او نام شامل کر رہے ہیں، لیکن دھیان رہے کہ بی جے پی والے کوئی شرارت نہ کریں۔ بی جے پی حکومت ووٹ چوری کے ذریعے بنی ہے، اب عوام اس کا جواب ووٹ کے ذریعے دیں گے۔' انہوں نے کارکنوں سے اپیل کی کہ ہر بوتھ پر نظر رکھیں اور کانگریس حامیوں کے نام ووٹر لسٹ سے حذف نہ ہوں۔ اجلاس کے بعد پانسے نے شہر کی مختلف دکانوں کا دورہ کیا، تاجروں سے ملاقات کی اور دستخطی مہم چلائی۔ انہوں نے عوام سے کہا کہ جمہوریت کو مضبوط بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ ووٹ ڈالیں۔ مسٹر پانسے نے کہا کہ یہ حکومت عوام کی نہیں بلکہ چوری شدہ ووٹوں سے بنی ہے۔ انہوں نے یقین ظاہر کیا کہ آنے والے انتخابات میں نہ صرف ملتائی بلکہ پوری ریاست میں کانگریس کی لہر نظر آئے گی۔ اس موقع پر کانگریس کے رہنما سنجے یادو، سُمت شو ہرے، ہتیش ساہو، ارن یادو، لوکیش یادو سمیت کئی کارکن موجود تھے۔ شہر میں 'ووٹ چور، گدی چھوڑ' مہم کے حوالے سے کانگریس کارکنوں میں جوش وجذبہ دیکھا گیا۔

## صدر دروپدی مرمو 23 اکتوبر کو سیوگیری مٹھ کا دورہ کریں گی

ترواننت پورم: (یو این آئی) صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو 23 اکتوبر کو سری نارائن گرو کی مہاسمادھی کی صد سالہ تقریبات کا افتتاح کرنے کے لیے ورکلا میں سیوگیری مٹھ کا دورہ کریں گی۔ صدر جمہوریہ بارہ بجکر پچاس منٹ کے قریب سیوگیری پہنچیں گی۔ جس کے ساتھ ہی دو سالہ عالمی تقاریب کا آغاز ہوگا، جس کا مقصد اس عظیم فلسفی اور سماجی مصلح کی تعلیمات اور خدمات کو خراجِ عقیدت پیش کرنا ہے جنہوں نے کیرالا کے روحانی وسماجی منظرنامے کو بدل دیا۔ صدر مرمو سیوگیری جانے سے قبل ورکلا بیچ ہیلی پیڈ یا ایس این کالج گراؤنڈ پر اتریں گی۔ مرکزی اور ریاستی سیکورٹی ایجنسیاں وسیع انتظامات کرنے کے لیے آپس میں تال میل بنائے ہوئے ہیں۔ سیوگیری مٹھ، حکومت ہند اور حکومت کیرالہ کے ذریعے مشترکہ طور پر منعقد کی جانے والی صد سالہ تقریبات کا مقصد گرو کے عالمگیر پیغام: "ایک ذات، ایک مذہب، انسانیت کے لیے ایک خدا" کی تشہیر کرنا ہے۔



اگلے دو برسوں میں، ثقافتی، روحانی اور تعلیمی پروگراموں کی ایک متنوع صف عصری دنیا میں ان کی تعلیمات کی مطابقت کو اجاگر کرے گی۔ پروگراموں میں سیمینار، نمائشیں، ثقافتی تقریبات، اور عالمی رسائی کے اقدامات شامل ہوں گے جو آج کی دنیا میں گرو کے پیغام کی مسلسل مطابقت کو اجاگر کرتے ہیں۔

## سب انسپکٹر اکشے سنگھ کشواہا نے ہوٹل کے کمرے میں خودکشی کرلی

کھرگون: (یو این آئی) مدھیہ پردیش کے کھرگون ضلع ہیڈ کوارٹر واقع ایک ہوٹل میں اشوک نگر کوتوالی میں تعینات سب انسپکٹر نے ہفتہ کے روز پھانسی لگا کر خودکشی کر لی۔ کھرگون کوتوالی کے انچارج بی۔ ایل۔ منڈلوئی نے بتایا کہ 30 سالہ اکشے سنگھ کشواہا کی لاش ہوٹل گوپال کے کمرہ نمبر 202 میں پھانسی کے پھندے پر لٹکی ہوئی پائی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ اکشے سنگھ کا تعلق ضلع گنا سے تھا اور وہ اشوک نگر کوتوالی میں سب انسپکٹر کے طور پر تعینات تھے۔ وہ جمعہ کی رات تقریباً ایک بجے ہوٹل پہنچے تھے۔ دوپہر تقریباً 12:30 بجے جب ہوٹل کے ملازمین نے چیک آؤٹ کے لیے کمرے کا دروازہ کھٹکھٹایا تو اندر سے کوئی جواب نہیں ملا۔ اس پر ہوٹل انتظامیہ نے پولیس کو اطلاع دی۔ پولیس کے پہنچنے پر جب کمرہ کھولا گیا تو اکشے سنگھ کی لاش پنکھے سے لٹکی ہوئی ملی۔ بی۔ ایل۔ منڈلوئی نے بتایا کہ اکشے سنگھ کے بھائی اندور میں محکمہ جنگلات میں رینجر ہیں۔ لواحقین کے پہنچنے کے بعد آئندہ کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ اکشے سنگھ غیر شادی شدہ تھے۔

## پسماندہ طبقات کے ذریعہ بلائے گئے بند میں کانگریس نے لیا حصہ، بی جے پی-بی آر ایس کو بنایا ہدف تنقید

حیدر آباد: تلنگانہ میں پسماندہ طبقات ایسوسی ایشن کے ذریعہ بلائے گئے بند کو کانگریس پارٹی نے مکمل حمایت دی ہے۔ اسی



سلسلہ میں تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی (ٹی پی سی سی) کے صدر مہیش کمار گوڑ اور 'مرتیو چھما پوراٹا کمیٹی' (ایم آر پی ایس) کے بانی مانڈا کرشنا مادگ حیدر آباد کے ایم جی بی ایس املی بس اسٹینڈ پر بیک وارڈ کلاسز ایسوسی ایشن کے لیڈران کے ساتھ مل کر بند میں حصہ لیا۔ مظاہرہ کے دوران پسماندہ طبقات کے لیڈران اور کارکنان نے جم کر نعرے بازی کی۔ اس دوران بی جے پی اور بی آر ایس پر جم کر حملہ بولا گیا اور نعرے لگائے گئے کہ ”پسماندہ طبقات مخالف بی جے پی اور بی آر ایس لیڈران کو تلنگانہ میں گھومنے نہیں دیا جائے گا۔“ یہ بند پسماندہ طبقات ایسوسی ایشن کی جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے ذریعہ طلب کیا گیا ہے، جس کا مقصد طبقات کے مطالبات کو اٹھانا اور حکومت پر دباؤ بنانا ہے۔ واضح رہے کہ کانگریس پارٹی نے اس بند کو باضابطہ طور سے اپنی حمایت دے کر ریاست کی سیاست میں ایک نئی راہ ہموار کرنے کی کوشش ہے۔ پارٹی کے سینئر لیڈران کا اس بند میں براہ راست شمولیت، پسماندہ طبقات کو اپنی طرف راغب کرنے، بی جے پی اور اپوزیشن بی آر ایس کو گھیرنے کی حکمت عملی کے طور پر دیکھا جا رہا ہے۔ پسماندہ طبقات کے ذریعہ بلائے گئے اس بند کا اثر راجدھانی حیدر آباد تک ہی محدود نہیں رہا بلکہ محبوب نگر میں بھی بند کو کافی حمایت ملی۔ جہاں 'فشریج' چیئرمین میتو سائی کمار سمیت کئی کانگریسی لیڈران نے پسماندہ طبقات ایسوسی ایشن کے کال پر بند پروگرام میں حصہ لیا اور لوگوں کو سڑکوں پر اتارا۔ یہ بند تلنگانہ کی سیاست میں پسماندہ طبقات کی بڑھتی سیاسی شعور اور کانگریس کے ساتھ ان کے قریب آنے کی ایک بڑی تصویر پیش کرتا ہے۔

## کینسر اور ذیابیطس کے مریضوں کے لیے دیسی اینٹی بائیوٹک 'نیفیتھرومائسین' تیار: ڈاکٹر جتیندر سنگھ

نئی دہلی: سائنس اور ٹکنالوجی کے مرکزی وزیر مملکت (آزادانہ چارج) ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ ہندوستان نے دیسی



اینٹی بائیوٹک 'نیفیتھرومائسین' تیار کی ہے، جو سانس کے انفیکشن اور خاص طور پر کینسر کے مریضوں اور ذیابیطس کے کمزور مریضوں کے لیے انتہائی مفید ہے۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے یہ اعلان ہفتہ کے روز "ملٹی اومکس ڈیٹا انٹیگریشن اور تجزیہ کے لیے مصنوعی ذہانت کے استعمال" کے موضوع پر تین روزہ طبی ورکشاپ کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت ہند کے محکمہ بایوٹیکنالوجی نے پرائیویٹ فارماسیوٹیکل ہاؤس ووکارڈ کے ساتھ مل کر اپنی پہلی دیسی اینٹی بائیوٹک "نیفیتھرومائسین" تیار کی ہے۔

یہ اینٹی بایوٹک سانس کے انفیکشن کے خلاف موثر ہے اور خاص طور پر کینسر کے مریضوں اور ذیابیطس کے خراب کنٹرول والے مریضوں کے لیے مفید ہے۔ یہ اینٹی بایوٹک پہلا مالیکیول ہے جو مکمل طور پر ہندوستان میں تیار کیا گیا ہے، جو فارماسیوٹیکل سیکٹر میں خود انحصاری کی طرف ایک اہم سنگ میل ہے۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ ہندوستان کو اپنی سائنسی اور تحقیقی ترقی کو تیز کرنے کے لیے خود انحصار ماحولیاتی نظام تیار کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر ممالک جنہوں نے سائنس اور اختراع میں عالمی سطح پر پہچان حاصل کی ہے، انہوں نے نجی شعبے کی وسیع شراکت کے ساتھ خود انحصاری، اختراع پر مبنی ماڈلز کے ذریعے ایسا کیا ہے۔

## مسلح نیٹ ورک کی تائید کرنے والوں کو روابط ختم کرنے ہوں گے: بنڈی سنجے

حیدر آباد: (یو این آئی) مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے نے تلنگانہ کے سیاستدانوں کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جو لوگ ایک طرف مبینہ طور پر مسلح نیٹ ورکس کی تائید کر رہے ہیں اور دوسری طرف اسٹیج پر جمہوریت کی تشہیر کر رہے ہیں، انہیں اپنے روابط ختم کرنے چاہئیں ورنہ ان کے راز بے نقاب ہوجائیں گے۔



سوشل میڈیا پر سرگرم سنجے نے ایک ٹویٹ میں کہا کہ مرکزی ادارے صرف ماؤسٹوں تک محدود نہیں رہیں گے۔ وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امیت شاہ کی رہنمائی میں مرکز اس نیٹ ورک کی کھوج کر رہا ہے جو کرپشن، جرائم اور انتہا پسندی کو چھپاتا ہے اور اسے بے رحم اور بغیر کسی رعایت کے ختم کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ مسلہ کا حصہ ہونے والے چاہے کتنے ہی بڑے کیوں نہ ہوں، انہیں پیچھے ہٹ جانا چاہیے۔ قومی داخلی سلامتی کے معاملے میں، غلط جانب کھڑے ہونے والے بڑے لیڈر بھی گر سکتے ہیں۔

## سابق وزیر اعلیٰ ہریش راوت دہلی-دہرادون ہائی وے پر گاڑی ایکسیڈنٹ میں بال بال بچ گئے

نئی دہلی: دہلی-دہرادون ہائی وے پر ایم آئی ای ٹی کالج کے قریب ہفتہ کو ایک سڑک حادثہ پیش آیا۔ اتراکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ ہریش راوت کی گاڑی دوسری گاڑی سے ٹکرا گئی۔ ہریش راوت محفوظ رہے، لیکن ان کی گاڑی کو نقصان پہنچا۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچی اور سابق وزیر اعلیٰ کو دوسری گاڑی میں بحفاظت بھیج دیا۔ پولیس نے تصادم میں شامل گاڑیوں کو سڑک کے کنارے ہٹا کر ٹریفک بحال کر دیا۔ حادثے کے بعد ہریش راوت نے لوگوں کو اپنی خیریت سے آگاہ کرنے کے لیے سوشل میڈیا پر پوسٹ کیا۔ انہوں نے لکھا کہ ”میں بالکل ٹھیک ہوں، پریشان ہونے کی کوئی بات نہیں ہے، تاہم گاڑی کو کچھ نقصان پہنچا ہے۔ پولیس فی



الحال حادثے کی وجہ کی تحقیقات کر رہی ہے۔“ سابق وزیر اعلیٰ ہریش راوت ہفتہ کی شام اپنے قافلے کے ساتھ دہلی سے دہرادون جا رہے تھے۔ انہیں میرٹھ بارڈر سے پولیس کی حفاظت فراہم کی گئی تھی، اس کے پیچھے اس کی دوسری گاڑیاں تھیں۔ تہوار کی وجہ سے شاہراہ پر شدید ٹریفک کا سامنا رہا۔ ایم آئی ای ٹی کالج کے قریب، اسکارٹ گاڑی نے اچانک بریک لگا دیا، جس سے ہریش راوت کی گاڑی اس سے ٹکرا گئی۔ حادثے میں ان کی گاڑی کے اگلے حصے کو نقصان پہنچا۔ سابق وزیر اعلیٰ کو فوری طور پر ان کی گاڑی سے نکال کر قافلے میں شامل دوسری گاڑی میں بٹھا دیا گیا۔ اس کے بعد ان کا قافلہ بحفاظت آگے بڑھ گیا۔ پولیس نے حادثے کا شکار ہونے والی گاڑی کو قریبی ایجنسی میں کھڑا کر دیا ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ مکمل طور پر صحت مند اور محفوظ ہیں۔

